Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ	نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	تنزل [illegible] پیشکار صاحب سکریٹری بہادر [illegible] نائب تحصیلدار	۱	۱۲	رخصت احمد رضا خاں ناظر نظامت	۳
۲	اضافہ تنخواہ بابا پیر شاہ۔	۲	۱۳	رخصت سب انسپکٹر [illegible]	،،
۳	تقرر سید شمس الحسن	۳	۱۴	اضافہ [illegible]	،،
۴	تقرر جمیل احمد خاں	،،	۱۵	اضافہ [illegible]	،،
۵	رخصت [illegible] ڈاکٹر صاحب	،،	۱۶	اضافہ [illegible]	۳-۴
۶	بابت یادداشت [illegible] بہادر	،،	۱۷	اضافہ [illegible] صاحب [illegible]	۴
۷	بابت انتظام [illegible]	۲-۳	۱۸	اضافہ جات [illegible]	،،
۸	رخصت [illegible] آبکاری	۳	۱۹	اضافہ گردھاری لال	،،
۹	اضافہ [illegible] بیگ	،،	۲۰	منسوخ تجویز [illegible]	،،
۱۰	اضافہ [illegible] حسین [illegible]	،،	۲۱	بابت [illegible] تعمیرات	،،
۱۱	اضافہ [illegible] تحصیل	،،	۲۲	نرخ نامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

قاضی سلیم الحق پیشکار صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات اپنی موجودہ تنخواہ پر صیغہ مال میں تبدیل ہو کر نائب تحصیلدار مقرر ہوں۔ اور بجائے انکے منشی خورشید احمد ضیائی نائب تحصیلدار اپنی موجودہ تنخواہ پر بعہدہ پیشکاری دفتر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات میں تبدیل کئے جائیں۔ احکام مناسب جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب پیشی رپورٹ استاد محمد وزیر خان صاحب - حسین بخش مہر بصیغہ رباب کی تنخواہ موجودہ مین ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا -

تقرر

۲۳ نومبر ۱۹۲۲ء

بتجویز عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات - عبد الکریم سب اوورسیر کا نام ملازمت سے خارج ہوا - اور بجائے اُنکے سید شمس الحسن کا تقرر بمشاہرہ ۔ ۔ تنخواہ اور عہ ماہوار الاونس منظور فرمایا گیا -

۲۳ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات - جمیل احمد خان کا تقرر بمشاہرہ عہ ماہوار بعہدہ پیشکاری سب ڈویزنل افسر منظور فرمایا گیا -

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

سینیٹری ڈاکٹر صاحب کی مزید رخصت ایک ہفتہ کی منظور ہوئی -

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۹ اکتوبر ۱۹۲۲ء

اصل یادداشت اعلان جلسہ نیلام ۲۳ جولائی ۱۹۱۸ء نمبری ۱۳ جو ذریعہ عرضداشت ۲ اگست ۱۹۱۸ء نمبر ۳۴ صفحہ چہارم کی سطر ۶ - ۷ مین مذکور ہے - ذریعہ حکم ۵ ستمبر ۱۹۱۸ء منظور شدہ اجلاس ہمایون ہے - لہذا حکم قانون کا رکھتی ہے کا غذات بسلسلہ استصواب بخدمت ناظم صاحب واپس ہون -

نقل یادداشت اجلاس جناب ناظم صاحب بہادر

مثل اپیل بیدخلی نمبری ۸۷

چھوٹے وغیرہ کاشتکاران پایکاشت مدعا علیہم اپیلانٹ بنام حامد علیخان وغیرہ مستاجران مدعیان رسپانڈنٹ

اپیل بنا راضی فیصلہ منشی شیت احمد صاحب تحصیلدار شاہ آباد نمبری ۳۳ منفصلہ ۴ مئی ۱۹۲۲ء بابت منسوخی ڈگری بیدخلی ۳/۱۲ بیگھے خام گانی

بابت ۳/۱۲ بیگھے موضع چکاسی علاقہ قدیم تحصیل شاہ آباد

مثل مندرجہ عنوان پیش ہوئی - رسپانڈنٹ نے اپیلانٹ پایکاشتہ پر بنا اضافہ بحوالہ دفعہ ۱۴ ضمن چہارم دستور جاریہ بلا اجازت اجلاس اعلے نالش بیدخلی دائر کی - عدالت ماتحت نے بعد تحقیق تجویز کیا کہ اس گاؤں کا بندوبست من ابتدا بحکم ۲ فی بیگہ خام بنام مدعیان رسپانڈنٹ ہوا ہے - یہ شرط اسامیان کاشتکار دہیہ کے ساتھ محدود ہے - پایکاشتہ اس شرط سے جدا ہین اور اپیلانٹان حصول حق دخیلکاری سے بمنشاء احکام دستور جاریہ محروم و ممنوع ہین - بدیں وجہ حکم ہمایونی قانون کی بدولت وہ کوئی ذی حق نہین ہین - اور پایکاشت کاشتکار باختیار مستاجر ہین وہ بیدخل ہو سکتے ہین - اس حکم کا اثر اُنسے غیر متعلق ہے - اپیلانٹ عہ فی بیگہ خام شرح ادا کرتے تھے - اپیل ہذا مین تراضی باہمی فریقین عہ فی بیگہ خام شرح کی درخواست گذری ہے - حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء مندرجہ گزٹ ۵ جولائی ۱۹۲۱ء نمبر ۲۰ جلد ۳۳ مین عام اس سے کہ اسامیان ساکنان دہیہ ہون یا پایکاشتہ انپر نالش بیدخلی بربناء اضافہ بلا اجازت اعلے ہرگز ناممنوع قرار دیا گیا ہے - مگر عدالت ماتحت نے حکم مذکور کو ناقابل عمل قرار دیکر فیصلہ دیا ہے - بنظر نتیجہ انکی بحث کا یہ ہے کہ حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء کی منظوری اجلاس ہمایون سے نہین ہوئی ہے - اسلئے دفعہ ۵ دستور جاریہ کے اندر وہ حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء نہین پاتی - قبل اسکے کہ اس مثل پر نظامت سے کوئی تجویز کیجائے یہ گزارش ہوکہ درصل حکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء کا اثر مثل قانون کے ہے یا نہین اور اس قسم کے پہلو نہین بپابندی قانون فیصلہ دیا جائے یا حکم مندرجہ گزٹ کے منشاء کے موافق فیصلہ دیا جایا کرے - مراد صدر حکم باجلاس اعلے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مع مثل پیش ہو - ۱۹ اگست ۱۹۲۲ء

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۵ نومبر ۱۹۲۲ء

بتجویز رپورٹ ناظم صاحب سررشتہ دار صاحب صدر دارالانتظام واصلباقی نویسی تحصیل شاہ آباد وملک و بلاسپور یہ کاغذات پیش ہوے - رپورٹ ناظم صاحب و سررشتہ دار صاحب صدر ملاحظہ ہوئی - لہذا بنظر مناسب و حسب رائے ناظم صاحب حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے -

۱ - پریم نراین واصل باقی نویس تحصیل ملک مشاہرہ دار [illegible] ماہوار کو دار الانشاء میں جانے کی اجازت دیجاتی ہے۔ تاریخ دینے چارج سے اُنکا نام واصل باقی نویسی تحصیل ملک سے خارج کیا جائے۔

۲ - اسندی پرشاد قائم مقام واصل باقی نویس بلاسپور مشاہرہ [illegible] ماہوار مستقل ہوکر واصل باقی نویسی تحصیل ملک پر تبدیل کیا جائے۔

۳ - نظیر حسین سیاہہ نویس تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار [illegible] ماہوار باضافہ پانچ روپیہ ماہوار [illegible] ماہوار پر واصل باقی نویس بلاسپور مقرر کیا جائے۔

۴ - جینی لال واصل باقی نویس تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار [illegible] ماہوار چونکہ علالت سے صحتیاب نہیں ہوا ہے۔ لہذا ملازمت سے سبکدوش کیا جائے۔

۵ - نٹھو لال واصل باقی نویس بلاسپور مشاہرہ دار [illegible] ماہوار جو شاہ آباد میں عارضی طور پر تعینات ہے اپنی موجودہ تنخواہ پر واصل باقی نویسی شاہ آباد پر منتقل کیا جائے۔

۶ - بندیسری پرشاد اہلمد سررشتہ واصل باقی نویس صدر جو [illegible] ماہوار پر سیاہہ نویسی تحصیل حضور پر عارضی تعینات ہے۔ اپنی تنخواہ موجودہ پر مستقل کیا جائے۔

۷ - بجائے سیاہہ نویس تحصیل شاہ آباد وشنو سروپ پسر جینی لال واصل باقی نویس تحصیل شاہ آباد اس نظر سے کہ جینی لال پُرانا ملازم تھا اُسکے استحقاق پر نظر کرکے اُسکے پسر کا تقرر بمشاہرہ [illegible] ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ منظور ہے بعد چھ ماہ اُسکی حالت کارکردگی سے اطلاع دیجائے۔

۸ - بجائے بندیسری پرشاد اہلمد سررشتہ واصل باقی نویس صدر حاکم صاحب صدر تجویز کرکے رپورٹ بھیجیں تاکہ حکم دیا جائے۔ احکام ضابطہ حسب صراحت رپورٹ ناظم صاحب جاری ہوں۔ نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب استمزاج بندگان حضور پرنور معلے دام اقبالہم وملکہم - صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی تین ہفتہ کی رخصت ۱۶ نومبر سنہ حال سے منظور ہوئی۔ ایام رخصت صاحب موصوف میں ناظم صاحب آبکاری کا کام انجام دینگے۔

اضافہ مع عہدہ

۱۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - فاروق بیگ کلارک مشاہرہ دار [illegible] ماہوار کا تین روپیہ ماہوار اضافہ مع عہدہ ہیڈ کانسٹبل بجائے ضیاء الدین خان ہیڈ کانسٹبل متوفی منظور کیا گیا۔

اضافہ

۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء

محمد جان خان اہلمد اجلاس مشاہرہ دار [illegible] اور حامد حسین اہلمد مشاہرہ دار [illegible] ماہوار کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا گیا۔

۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ ناظم صاحب وتحصیلدار صاحب حضور تحصیل - منشی کرپا دیال واصل باقی نویس حضور تحصیل کی تنخواہ موجودہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ بلحاظ کثرت کار منظور ہوا۔

رخصت

۲۶ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب پیشی نوٹ ناظم صاحب - مزید رخصت یک ہفتہ منشی احمد رضا خان ناظر نظامت علاوہ رخصت یکہفتہ منظور کردہ ناظم صاحب بوجہ علالت منظور ہوئی۔

۲۶ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور معلے دام اقبالہم وملکہم دس روز کی رخصت سید شبیر حسین سب انسپکٹر گنج کی منظور کی گئی۔

اضافہ

۲۷ نومبر ۱۹۲۲ء

محمود علیخان اہلمد اجلاس وعبد الودیع اہلمد اجلاس مشاہرہ دار [illegible] ماہوار کی تنخواہ میں [illegible] ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء

کنہیا لال نائب واصل باقی نویس صدر کی موجودہ تنخواہ میں حسب تحریر حاکم صاحب تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر - اہلمدان مندرجہ تحت کی تنخواہ میں -

بعلاحسن انجام خدمات اضافہ منظور کیا گیا۔

منشی مرلی سہائے اہلمد	مشاہرہ	لعہ	للعہ
منشی ضیاء الکبیر	؍؍	سعہ	للعہ
منشی نندکشور	؍؍	؍عہ	عہ
منشی نرنجن سہائے	؍؍	؍عہ	۶

۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب سفارش بخشی صاحب فوج اہلمدان مندرجہ تحت متعلقہ بخشی خانہ کو بصلہ حسن سرانجام خدمات اضافہ مصرحہ تحت منظور کیا گیا۔

۱	منشی بابو پرشاد	مشاہرہ	۲عہ	عہ
۲	محمد عابد حسین خان	؍؍	عہ	للعہ
۳	سید فخرالدین	؍؍	؍عہ	للعہ
۴	منشی منی لال	؍؍	للعہ	۶
۵	منشی احمد نبی خان	؍؍	للعہ	۶
۶	سید ناصر علی	؍؍	للعہ	۶
۷	منشی نراین سہائے	؍؍	عہ	۶
۸	محمد عنبر خان	؍؍	؍عہ	عہ
۹	سید ابوالحسن	؍؍	؍عہ	۶

۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب سفارش ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ اہلکاران آڈٹ مندرجہ تحت کی موجودہ تنخواہ ہوئیں بصلہ حسن خدمات اکیس روپیہ ماہوار اضافہ حسب صراحت منظور ہوا۔

۱	منشی رنجیت بہادر	مشاہرہ	عہ	سے
۲	منشی بھگوانداس	؍؍	؍عہ	سے
۳	منشی صابر علیخان	؍؍	؍عہ	سے
۴	منشی احسان باقی ناظر	؍؍	عہ	۶
۵	منشی نیاز بہادر خان	؍؍	عہ	۶
۶	منشی حبیب حسن بیگ	؍؍	؍عہ	عہ
۷	رام بھروسے لال	؍؍	للعہ	سے
۸	منشی نوبت رائے	؍؍	عہ	۶
۹	منشی منظر احمد ہیڈ ایرشمس	؍؍	سے	۶

اضافہ

۲۹ نومبر ۱۹۲۲ء

حسب تحریر دیوان صاحب صدر۔ منشی گردھاری لال جمع خرچ نویس کچہری کو موجودہ مشاہرہ پر پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بصلہ حسن انجام خدمت منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و انہار

واقع ۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء

آیندہ محکمہ انہار سے تخمینہ آبپاشی ماہوار ہمارے پاس آنے کی ضرورت ہے لہذا

حکم ہوا کہ

بہ اجرائے نقل روبکار ہذا منیجر صاحب انہار کو اطلاع دیجائے کہ وہ اسکے متعلق صاحبان علاقہ کو تاکیدی حکم دیں۔ اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری میں مرسل ہو۔

دستخط ... سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و انہار

واقع ۲۱ نومبر ۱۹۲۲ء

ظہری یادداشت صاحب علاقہ مردوے و کمشنر کشن سب ڈویژن صیغہ نہر ریاست رامپور مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء بدین مضمون کہ بوجہ تکمیل کارہائے ضروری اکثر ٹھیکہ داران کو نذرات کے روپیہ دیا جاتا ہے لیکن تقسیم بل چونکہ اجلاس منیجر صاحب انہار سے ہوتی ہے۔ لہذا پیشتر احتمال رہتا ہے کہ کوئی ٹھیکہ دار بغیر وضع نذرات کل روپیہ وصول نہ کرلے علاوہ ازین اکثر صاحب موصوف دورہ پر ہوتے ہیں۔ بذریعہ تقسیم بلہائے میں زیادہ دیر ہوجاتی ہے جسکی وجہ سے نذرات کے حساب صاف ہونے میں دیر ہوتی ہے۔ لہذا اگر مناسب رائے عالی ہو بلہائے متعلقہ سب ڈویژن ہذا کی تقسیم سب ڈویژن کی معرفت منظور فرمائی جائے۔ لہذا بغرض صدور حکم مناسب باجلاس جناب صاحب سکریٹری بہادر تعمیل ہدایت در حضرت مرسل ہو۔

—حکم ہوا کہ—

یہ عام حکم جاری کیا جائے کہ تقسیم بلونکی سب ڈویژن ہائے متعلقہ سے ہوا کریگی۔ دفتر صدر کو کسی سب ڈویژن کے بل کی تقسیم سے کوئی تعلق نہ ہوگا کوئی نذرات گرفت سے رہجانے کی اطلاع باضابطہ ادیرا اسب ڈویژن ہائے متعلقہ کو اور جب بل دفتر صدر میں آئے تو اسمین وہ رقم گرفت کردہ سے دکھائی جائے نقل حکم بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری بھیجی جائے۔ اور ایک ایک نقل محکمہ جات متعلقہ میں بھیجی جائے۔

دستخط ... سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے ۲۶ نومبر لغایتہ ۲ دسمبر ۱۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ۱	۷ ۱				۷ ۱	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸ ۱	۸ ۱ ۰				۹ ۰ ۱	
نخود کت آمیز	۱۰ ۱	۹ ۱				۱۰ ۱	
کتہ	۱۱ ۱	۹ ۱				۱۰ ۱	
ماش	۸ ۱	۹ ۱				۸ ۱	
مونگ	۷ ۱	۰				۷ ۱	
مکا	۹ ۱	۰				۱۰ ۱	
جئی	۱۱ ۱	۱۰ ۱				۱۱ ۱	
گوجئی	۰	۰				۹ ۱	
عدس	۸ ۰ ۱	۰				۶ ۱	
ارہر	۹ ۱	۰				۰	
برنج	۵ ۱	۵ ۱				۵ ۱	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]				[illegible]	
روغن سیاہ	۰	۱ ۰ ۱				۱ ۰ ۱	
روغن کنجد	۰	۱ ۱				۱ ۱	
نمک سانبھر	۱۲ ۰ ۱	۱۰ ۱				۱۱ ۱	
نمک لاہوری	۶ ۱	۶ ۱				۷ ۱	
قند سیاہ	۳ ۰ ۱	۳ ۱				۳ ۱	
باجرہ	۹ ۱	۹ ۱				۱۰ ۱	